2-33

# پنجاب یونیورسٹی میں اقبالیات پر
# ایم اے، ایم ایڈ کے تحقیقی مقالات

حمیرا ظفر

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
اقبال اکادمی سائبر لائبریری
©2002-2006

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج میں ایم۔ اے اردو کلاس کا اجراء اکتوبر 1948ء میں ہوا اور پہلا امتحان 1950ء میں منعقد ہوا۔ اقبال پر پہلا تحقیقی مقالہ "اقبال کا مرد مومن" از محمد فرمان' 1950ء میں لکھا گیا۔ اس وقت سے اب تک یعنی گزشتہ 45 برس سے پنجاب یونیورسٹی کے مختلف شعبوں میں اقبال پر ایم اے کی سطح کا تحقیقی کام ہو رہا ہے۔ سب سے زیادہ مقالے شعبہ اردو میں لکھے گئے ہیں۔ اس کے بعد ادارہ تعلیم و تحقیق اور پھر شعبہ فلسفہ میں بھی تحقیقی کام ہوا ہے۔

1950ء میں جب ایم۔ اے اردو کا پہلا امتحان ہوا تو کل نمبر 700 تھے۔ ان میں مقالہ 100 نمبر کا تھا۔ 78/1977ء میں سمسٹر سسٹم کا آغاز ہوا۔ اس میں مقالے کے نمبر تو 100 ہی رہے مگر کل نمبر 3500 ہو گئے' اور یوں مقالہ قدر و قیمت کے لحاظ سے کم ہو گیا۔ شاید اسی لیے اس دور کے مقالے نسبتاً" کم ضخیم ہیں۔ 1982ء میں سمسٹر سسٹم ختم ہو گیا۔ نئے نظام کے تحت (جو اصل میں پرانا نظام ہی تھا) کل نمبر 1000 تھے۔ مقالہ 200 نمبر کا ہو گیا۔ تاحال یہی صورت حال برقرار ہے۔

غور طلب بات یہ ہے کہ آیا مقالے کی ضخامت اور معیار میں کوئی تعلق ہے' کیا زیادہ ضخیم مقالہ کم ضخیم مقالوں سے بہتر ہو گا؟ ہمارے خیال کے مطابق جس مقالے میں مواد معیاری ہو' صحت متن کا خیال رکھا گیا ہو اور مقالہ نگار نے اپنا موقف سند اور حوالوں کے ساتھ پیش کیا ہو' وہ یقیناً دوسرے مقالات پر سبقت رکھتا ہے۔

اقبال پر ہر حوالے سے مقالات لکھے گئے ہیں یعنی شاعری' فکر' خطوط پر' زندگی پر' اور اقبال پر ہونے والے کام اور اقبال شناسوں پر۔ علاوہ ازیں مقالات کی ایک قسم ایسی ہے جو حوالہ جاتی مقالات کے ذیل میں آتی ہے۔ اس ضمن میں بہت سے رسائل کے اشاریے مرتب کیے گئے ہیں (یعنی "اقبال ریویو"' "اقبال" اور "نقوش" وغیرہ)۔ حوالہ جاتی مقالات میں مضامین کے حوالوں کو اس طرح مرتب کیا گیا ہے کہ اقبال پر کام کرنے والے اپنے موضوع سے متعلق مضامین آسانی سے ڈھونڈ سکتے ہیں۔ مزید براں پچھلے چند سالوں میں ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کے زیر نگرانی تنقید اقبال پر مضامین کے دو اشاریے (بحوالہ کتب و رسائل الگ الگ) تیار کیے گئے ہیں۔ یہ ایک ایسی پیش رفت ہے جس کے ذریعے اقبال پر لکھے جانے والے تنقیدی و تحقیقی مضامین کے حوالے ڈھونڈنے میں آسانی ہو گی۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ اقبال کے خصوصی مطالعے میں طالب علم کم وقت میں بیشتر تحقیقی و تنقیدی مواد تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔

حوالہ جاتی مقالوں کو تنقیدی مقالوں سے کمتر گردانا جاتا ہے۔ بعض طالب علم اس سے گریز کرتے ہیں کیونکہ زبانی امتحان کے موقع پر اس میں تنقیدی مقالوں کی نسبت کم نمبر دیے جاتے ہیں' حالانکہ حوالہ جاتی مقالے کی تیاری میں بھی اتنی ہی محنت' لگن اور مستقل مزاجی درکار ہے جتنی کہ ایک تنقیدی مقالے کے لیے درپیش ہوتی ہے۔ فی زمانہ وقت کی کمی کا احساس روز افزوں ہے' ایسے میں ایک معیاری حوالہ جاتی مقالہ لکھنا آسان نہیں ہے' اس لیے ان کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔

مقالات کے جائزے سے ایک اور بات سامنے آئی کہ مختلف شعبہ جات کے مقالات کی ترتیب و تدوین میں فرق ہے۔ شعبہ اردو اور علوم اسلامیہ کے مقالات میں خاصی مماثلت ہے' سوائے اس کے کہ شعبہ علوم اسلامیہ کے مقالات میں دیباچے سے پہلے "التماس" یا "اظہار تشکر" کے عنوانات شامل ہیں۔ شعبہ تعلیم و تحقیق کے مقالات میں پہلے باب میں مقالے کے موضوع' مقاصد اور اہمیت کا ذکر کیا جاتا ہے اور آخر میں حاصل بحث نتائج اور سفارشات مرتب کی جاتی ہیں۔ یہ صورت حال تمام مقالات میں ہے۔ ابتداء میں مقالات ٹائپ کیے جاتے تھے' اب زیادہ تر ہاتھ سے لکھے جاتے ہیں۔ اکا دکا مقالے کمپیوز کمپوزنگ میں بھی پیش کیے جا رہے ہیں۔ مقالات کے سائز عام طور پر ایک ہی جتنے ہیں مگر چند ایک ابتدائی مقالات ایسے ہیں جن کا سائز دوسرے مقالات کی نسبت چھوٹا ہے۔ بعض مقالات ایسے بھی ہیں جو کتابی صورت میں چھپ چکے ہیں' مگر ان کی تعداد کل مقالات کے مقابلے میں بہت کم ہے۔ 45 برس کے عرصے میں اقبال پر لکھے گئے تقریباً پونے دو سو مقالات میں سے کتابی صورت میں چھپنے والے مقالے آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔ اب تک کل پانچ یا چھ مقالات ایسے ہیں جو کتابی صورت میں شائع ہوئے ہیں۔

زیر جائزہ مقالات پنجاب یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کی لائبریریوں میں موجود ہیں۔ اردو کے زیادہ تر مقالات اورینٹل کالج کی لائبریری میں دستیاب ہیں۔ بعض قدیم مقالات یونیورسٹی لائبریری میں مل جاتے ہیں' مگر یہاں صورت حال یہ ہے کہ کیٹلاگ میں بعض مقالات کے نمبر تو درج ہیں' مگر اصل مقالات غائب ہیں۔ اس صورت میں بعض مقالات تک رسائی ممکن نہ ہو سکی اور محض فہرست میں ان کا حوالہ دے دیا گیا۔ شعبہ علوم اسلامیہ کے تحت لائبریری میں اقبال سے متعلق تمام مقالات موجود تھے اور دیگر لائبریریوں کے مقابلے میں وہاں صورت حال بہتر اور حوصلہ افزا ہے۔ اسی طرح شعبہ فلسفہ میں دو مقالات کے سوا اقبال پر تمام مقالات مل گئے۔ شعبہ سیاسیات کے دو تین مقالات کی ضرورت تھی' مگر وہ نہ مل پائے جبکہ سب سے زیادہ مشکل اور صبر آزما مرحلہ ادارہ تعلیم و تحقیق میں پیش آیا۔ وہاں مقالات کے لیے ایک الگ "تھیسز روم" ہے۔ یہاں اقبال پر کئی ایک مقالات موجود ہیں۔ لائبریری انتظامیہ کے بھرپور تعاون سے 28 مقالے دستیاب ہو گئے' باقی کچھ تو گم ہو چکے ہیں یا بوسیدہ حالت میں ہیں۔ تھیسز روم کی انچارج مسز شمیم رشید نے مقالات کی فراہمی کے متعلق استفسار پر بتایا کہ یہ مقالات پہلے جاری کیے جاتے تھے اور اسی وجہ سے کئی ایک مقالے گم ہو چکے ہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ وہاں ہر طالب علم اپنی تعلیمی اور امتحانی مشقوں کی

تیاری میں مقالات سے استفادہ کرتا ہے۔ بہرحال' اس شعبے میں مقالات سے استفادہ کرنے کے لیے ایک ایسے نظام کی ضرورت ہے جس کی مدد سے مقالات کے عنوان اور نمبر معلوم کرنے میں آسانی ہو۔ اس ضمن میں الف بائی ترتیب (باعتبار موضوعات یا مصنفین) سے کیٹلاگ تیار کیے جائیں تو بہتر ہو گا۔

ادارہ تعلیم و تحقیق میں اکثر مقالات موضوعات کے اعتبار سے یکسانیت کا شکار ہیں۔ چونکہ اس شعبے کے مقالات میں بنیادی موضوع تعلیم اور اس کے تقاضوں سے متعلق ہے' اس لیے ہر مقالہ اقبال کے تعلیمی نظریے پر روشنی ڈالتا ہے اور بہت سے مقالات میں جملوں کے ہیر پھیر سے ایک ہی بات سامنے آتی ہے۔

جائزے کے دوران میں یہ بات سامنے آئی کہ یونیورسٹی کے بعض شعبوں میں اقبال پر مقالات' دوسرے شعبوں کی نسبت زیادہ تعداد میں تیار کیے گئے' اس طرح بعض اساتذہ کی نگرانی میں دوسرے اساتذہ کی نسبت مقالات زیادہ تعداد میں لکھے گئے۔ شاید انہوں نے بطور خاص اس طرف توجہ کی ہوگی۔ بہرحال' اس جائزے کے نتائج یہ ہیں:-

| نام شعبہ | تعداد مقالات |
|---|---|
| شعبہ اردو | 92 |
| تاریخ | 1 |
| تعلیم و تحقیق | 34 |
| سیاسیات | 7 |
| علوم اسلامیہ | 11 |
| فارسی | 5 |
| فلسفہ | 32 |
| معاشیات | 1 |

مختلف اساتذہ کی نگرانی میں لکھے جانے والے مقالات کی تعداد حسب ذیل ہے:-

| نام استاد | تعداد مقالات | نام استاد | تعداد مقالات |
|---|---|---|---|
| ابصار احمد' پروفیسر ڈاکٹر | 2 | شوکت حسن شاہ | 1 |
| احسان اللہ خان' ڈاکٹر | 4 | شوکت علی' پروفیسر | 5 |
| افتخار احمد صدیقی' ڈاکٹر | 17 | شہباز خان' ڈاکٹر | 2 |
| اکبر علی' ڈاکٹر | 1 | صابر لودھی' پروفیسر | 1 |
| امان اللہ خان' پروفیسر ڈاکٹر | 3 | صدیق جاوید' ڈاکٹر | 1 |
| بشارت علی' ڈاکٹر | 1 | عبادت بریلوی' ڈاکٹر | 1 |

| | |
|---|---|
| بشیر احمد صدیقی | 1 |
| تبسم کاشمیری، ڈاکٹر | 1 |
| تحسین فراقی، ڈاکٹر | 2 |
| جاوید اقبال ندیم | 1 |
| حفیظ اختر | 1 |
| حیات افروز، ڈاکٹر | 1 |
| دین محمد ملک، ڈاکٹر | 1 |
| رب نواز، ملک | 1 |
| رفیع الدین ہاشمی، ڈاکٹر | 22 |
| رفیق احمد، ڈاکٹر | 1 |
| ساجد علی، پروفیسر | 4 |
| سجاد باقر رضوی، پروفیسر سید | 2 |
| سعید شیخ، پروفیسر ایم | 1 |
| شبیر احمد منصوری، پروفیسر | 3 |
| مجید احمد شیخ | 2 |
| محفوظ احمد کمبوہ | 1 |
| محمد ابراہیم خالد، ڈاکٹر | 5 |
| محمد اسلم، پروفیسر قاضی | 1 |
| محمد اقبال ظفر | 2 |
| محمد اکرم شاہ، ڈاکٹر سید | 3 |
| محمد انور | 1 |
| محمد حبیب اللہ، ڈاکٹر | 3 |
| محمد زکریا، ڈاکٹر خواجہ | 2 |
| محمد سعید شاہد | 1 |
| محمد فخر الحق نوری | 1 |
| محمد معروف، ڈاکٹر | 1 |
| محمودہ خانم بھٹی | 1 |
| مختار احمد بھٹی، ڈاکٹر | 2 |
| مشتاق احمد گورایا، ڈاکٹر | 1 |
| مشتاق الرحمٰن صدیقی، ڈاکٹر | 7 |
| معین الرحمٰن، ڈاکٹر سید | 2 |

| | |
|---|---|
| عبداللہ، ڈاکٹر سید | 3 |
| عبدالخالق، پروفیسر ڈاکٹر | 7 |
| عبدالخالق، حافظ | 3 |
| عبدالرشید، ڈاکٹر | 2 |
| عبداللطیف، رانا | 1 |
| عبیدالرحمٰن مدنی، مولانا | 1 |
| عبیداللہ خان، ڈاکٹر | 2 |
| علی عباس، پروفیسر سید | 1 |
| علاؤالدین صدیقی، پروفیسر علامہ | 2 |
| غزالہ عرفان | 1 |
| غلام حسین ذوالفقار، ڈاکٹر | 10 |
| غلام صادق، پروفیسر خواجہ | 7 |
| قادر، پروفیسر سی۔ اے | 2 |
| ناظر حسن زیدی، ڈاکٹر | 2 |
| نذیر احمد، ڈاکٹر خواجہ | 4 |
| نعیم احمد، پروفیسر | 7 |
| وحید اللہ وائیں | 1 |
| وحید قریشی، ڈاکٹر | 5 |
| وزیر الحسن عابدی، سید | 1 |
| وقار عظیم، پروفیسر سید | 15 |
| وقار علی، سید | 3 |

ممتاز رحیم' ڈاکٹر　3
منور ابن صادق' پروفیسر　10
منیرالدین چغتائی' ڈاکٹر　1

مقالات کے سلسلے میں ایک یہ بات بھی سامنے آئی کہ طالب علم مقالات سے بہت کم استفادہ کرتے ہیں۔ یہ درست ہے کہ مقالات طالب علمانہ کوشش ہوتے ہیں' مگر بعض اوقات ان میں قیمتی گوہر بھی مل جاتے ہیں۔ اقبال پر لکھے گئے بہت سے مقالات مختلف مقامات پر بکھرے ہوئے ہیں' اس لیے اس ضمن میں ایک ایسی اقبال لائبریری کا قیام ناگزیر ہے جہاں اقبال پر لکھی گئی تنقیدی کتب کے علاوہ تمام شعبہ جات کے تحت اقبال پر لکھے گئے مقالات بھی موجود ہوں' اور اقبال پر مقالہ لکھنے والے ہر طالب علم کو پابند کیا جائے کہ وہ اپنے مقالے کی ایک کاپی ضرور جمع کرائے۔ مزید برآں اقبال پر معیاری مقالے کتابی صورت میں شائع کیے جانے چاہیں۔ اگر اقبالیاتی ادارے دلچسپی ظاہر کریں تو اساتذہ کی رائے اور مدد سے معیاری مقالات کو کتابی صورت میں شائع کرنا کچھ مشکل نہیں' یوں ان سے استفادے کا دائرہ وسیع ہوگا۔

ذیل میں مقالات کی ایک فہرست پیش کی جارہی ہے جو شعبہ جاتی اور مصنف وار ہے۔ اس سے مقالات کی نوعیت اور ان کے موضوعات کا اندازہ ہوسکے گا' اور بطور ماخذ بھی یہ فہرست تحقیق کاروں کے لیے مفید و معاون ثابت ہوگی۔ پھر دوسری جامعات (بطور خاص علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی) کو اندازہ ہوسکے گا کہ اقبالیات پر جامعہ پنجاب میں کیا کچھ کام ہوا ہے' اور مزید کن موضوعات پر کام کی گنجائش اور ضرورت ہے۔ تین سال پہلے جب راقم کو ایم۔ اے کا تحقیقی مقالہ لکھنے کا مرحلہ درپیش ہوا تو استاد محترم ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی نے مقالے کے لیے "جامعہ پنجاب میں اقبالیات پر ایم۔ اے کے مقالات کا توضیحی اشاریہ" کا موضوع تجویز کیا تھا۔ زیر نظر رپورٹ اور فہرست اسی مقالے کے حاصل کے طور پر پیش کی جارہی ہے:-

## شعبہ اردو

1- اختر النساء' یوسف سلیم چشتی (بحیثیت شارح اردو) ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی' 1985ء' (4) + 389
2- اختر سلطانہ' سیدہ' مکالمات اقبال کا تجزیہ' پروفیسر سید وقار عظیم' 1970ء' (1) + 245
3- اقبال بانو' عبدالرحمٰن طارق بطور اقبال شناس' ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی' 1990ء' 250
4- انیلا سراج' کلام اقبال کا استفہامیہ انداز' ڈاکٹر تحسین فراقی' 1990ء' 428
5- بلقیس جمال افسرہ' ضرب کلیم اور ارمغان حجاز کے موضوعات کا تنقیدی تجزیہ' ڈاکٹر وحید قریشی' 1965ء' (4) + 148
6- تابندہ نذیر' اقبال اور تہذیب مغرب' ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی' 1971ء' 154
7- تنویر احمد بٹ' اقبال کا قیام یورپ' ڈاکٹر وحید قریشی' 1974ء' 82

8- ثاقف نفیس' چودھری محمد حسین اور علامہ اقبال (روابط)' ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا' 1984ء' 168
9- ثمینہ ناز' اقبال اکادمی پاکستان کے سہ ماہی مجلّہ "اقبال ریویو" کی وضاحتی فہرست (جنوری 1968ء تا اکتوبر 1975ء)' ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی' 1976ء' (3) + 259
10- جلال سو تیدان' ترکی میں مطالعہ اقبال' ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی' 1994ء' (4) + 177
11- حریت ناصر' اقبال کی میجر' پروفیسر سید وقار عظیم' 1968ء' (8) + 97
12- حسن بانو' اقبال کے افکار و نظریات خطوط کے آئینے میں' ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی' 1973ء' 354
13- حمیدہ بیگم' اقبال کی اردو غزل' پروفیسر سید وقار عظیم 1961ء' 168
14- حمیرا ظفر' جامعہ پنجاب میں اقبالیات پر ایم اے کے مقالات کا توضیحی اشاریہ' ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی' 1994ء' (28) + 390
15- خادم حسین (تجمل سلیم) اقبال اور عشق رسول' ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی' 1969ء' (2) + 252
16- خالدہ جبیں' اقبال کے اردو کلام کی شرحیں' ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی' 1984ء' 227
17- خدیجہ' اقبال کی شاعری کا فنی پہلو' پروفیسر سید وقار عظیم' 1966ء' (3) + 195
18- خیر النساء' وضاحتی فہرست' "مجلّہ اقبال" جولائی 1974ء تا اپریل 1989ء' ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی' 1989ء' (3) + 219
19- راشدہ شیخ' کلام اقبال میں فرہنگیت' ڈاکٹر عبیداللہ خان' 1972ء' 155
20- راؤ ذوالفقار علی فرخ' ڈاکٹر یوسف حسن خان بطور اقبال شناس' ڈاکٹر تبسم کاشمیری' 1980ء' (5) + 127
21- رضوانہ شبیر بخاری' سیدہ' سید محمد عبدالرشید فاضل بطور اقبال شناس' ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی' 1990ء' 338
22- رضیہ سلطانہ' اقبال کی طنزیہ و مزاحیہ نظمیں (تنقیدی جائزہ) پروفیسر سید سجاد باقر رضوی' 1979ء' (3) + 140
23- روحینہ جعفری' کلام اقبال میں آگ کا استعارہ' ڈاکٹر تحسین فراقی' 1994ء' (7) + 257
24- ریحانہ نسرین دارا' کلام اقبال میں تاریخی شخصیتیں' پروفیسر سید وقار عظیم' 1971ء' (2) + 651
25- زاہد محمود قریشی' اقبال کے تہذیبی و معاشرتی تصورات' ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار' 1974ء (5) + 226
26- زاہدہ تبسم' "نقوش" میں ذخیرہ اقبالیات (توضیحی اشاریہ) ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی 1987ء' 177

27- زاہدہ نزہت، وضاحتی فہرست مقالات اردو و انگریزی سہ ماہی رسالہ "اقبال" (جولائی 1952ء تا اکتوبر 1959ء) ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، 1967ء، 81
28- زرین اختر زیدی، وضاحتی فہرست سہ ماہی "اقبال" (جنوری 1960ء تا اپریل 1967ء)، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، 1967ء، (3) + 92
29- زرینہ احمد علی، اقبال اور مناظر فطرت، ڈاکٹر سید عبداللہ، 1964ء، (8) + 189
30- زیب النساء، علامہ اقبال کی اردو نثر، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، 1989ء، 274
31- سعادت سلطانہ، اقبال کے اردو کلام میں طنز و مزاح، ڈاکٹر افتخار احمد بھٹی، 1974ء، 143
32- سعشہ خان، ڈاکٹر جسٹس (ریٹائرڈ) جاوید اقبال شخصیت اور ادبی خدمات، ڈاکٹر صدیق جاوید، 1991ء، 396
33- سلیقہ خاتون، اقبال کی شاعری میں فرد اور جماعت کا تصور، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، 1967ء، (5) + 173
34- سمیعہ شاہین، بانگ درا کی بعض نظموں کا واقعاتی پس منظر، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، 1984ء، (2) + 169 + (5)
35- شازیہ ظہیر خواجہ، کلام اقبال کے تراجم کا توضیحی اشاریہ، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، 1991ء، (6) + 338
36- شائستہ خانم، اقبال کے افکار و نظریات ملفوظات کے آئینے میں، ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی 1975ء، (3) - 344
37- شبیر علی کاظمی، سید، اقبال کا فلسفہ عشق، ڈاکٹر سید عبداللہ، 1955ء
38- شفیق احمد، اقبال اور ترکی، ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی، 1975ء 274
39- شکیلہ علوی، وضاحتی فہرست "اقبال ریویو" (1976 -1986)، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی 1987ء، 207
40- شکیلہ نورجہاں، "بانگ درا" کا تنقیدی جائزہ، پروفیسر سید وقار عظیم، 1963ء، 267
41- شگفتہ شہناز، تنقید اقبال کے اہم تصورات کا توضیحی اشاریہ، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، 1984ء، (2) + 261 + (6)
42- شمیم ملک، اقبال کی قومی شاعری، پروفیسر سید وقار عظیم، 1970ء، (2) + 194
43- شہناز فاطمہ، پروفیسر محمد طاہر فاروقی بطور اقبال شناس، پروفیسر ڈاکٹر سید معین الرحمٰن، 1978ء، 109
44- صفورا سلطانہ، مکاتیب اقبال کا فکری اور فنی پہلو، ڈاکٹر سید عبداللہ، 1961، 141
45- صفیہ خانم، اقبال اور محنت کش عوام، ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی، 1977، (2) + 109
46- طاہرہ عطاء، مثنوی اسرار خودی کا تنقیدی مطالعہ، ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی، 1973، 199
47- عاصمہ فرحت، اقبال کے اردو کلام میں اسلامی تلمیحات، ڈاکٹر عبیداللہ خان، 1970، (2) +

163

48- عالیہ عزیز، پروفیسر محمد عثمان بطور اقبال شناس، پروفیسر صابر لودھی، 1988، (4) + 291

49- عتیق الرحمان، اقبال کی شخصیت اور شاعری مکاتیب کے آئینے میں، ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی، 1973، 247

50- عذرا سلطانہ، اقبال کے سیاسی نظریات، پروفیسر سید وقار عظیم، 1966، (4) + 319

51- عصمت افزا، اقبال کے نظام فکر میں عورت کا مقام، ڈاکٹر وحید قریشی، 1970، 169

52- غفور احمد سلیمی، اقبال کی اردو نثر کا تنقیدی جائزہ، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، 1973، 118

53- فاخرہ گیلانی، کلام اقبال میں روحانی عناصر، ڈاکٹر افتخار احمد گیلانی، 1975، 156

54- فرحت ناہید، راویان اقبال کا تنقیدی جائزہ، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، 1979، (3) + 89

55- فرحت یاسمین، اردو نظم میں اقبال کا مرتبہ، ڈاکٹر وحید قریشی، 1961، 204

56- فرزانہ یاسمین، محمد عبداللہ قریشی بطور اقبال شناس، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، 1988، 232

57- فریدہ مفتی، اقبال کا ذہنی ارتقاء، پروفیسر سید وقار عظیم، 1962، 268

58- فصیحہ سلطان، باقیات اقبال کا تنقیدی و تحقیقی مطالعہ، ڈاکٹر ناظر حسن زیدی، 1973، (4) + 204

59- قمر عباس، اشاریہ تنقید اقبال (بحوالہ کتب)، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، 1993، (5) + 284

60- لالہ رخ، اقبال کی سوانح عمریوں کا جائزہ، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، 1979، (2) + 66

61- لعل بیگ ظفر، ہندوستان میں اقبال شناسی (1947ء کے بعد)، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، 1987، (3) + 275

62- مبارک علی میرزا، اقبال کا فلسفہ حیات، پروفیسر سید وقار عظیم، 1954، 136

63- محمد امجد، بچوں کے لیے اقبال کی نظمیں، سید سجاد باقر رضوی، 1979، 100

64- محمد ایوب شاہد، اقبال کا تصور توانائی، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، 1977، 105

65- محمد رمضان زاہد، ضرب کلیم کا فکری و فنی تجزیہ، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، 1971، (14) + 209

66- محمد صدیق، اقبال لاہوری پاکستان کا فارسی گو شاعر (اردو ترجمہ)، پروفیسر سید وقار عظیم، 1953، 62

67- محمد صدیق جاوید، بال جبریل کا تنقیدی مطالعہ، پروفیسر سید وقار عظیم، 1965، 209

68- محمد فرمان، اقبال کا مرد مومن، پروفیسر سید وقار عظیم، 1950، 60

69- مسرت میر، اقبال کے سوانحی نقوش (خطوط بنام شاد کے حوالے سے)، ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار، 1980، 53

70- مظفر حسین وڑائچ، اقبال اور ہسپانیہ، ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی، 1969، 163

71- ملکہ ریحانہ، ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، 1988، 216

72- منظور الاسلام‘ اقبال کے معاشی تصورات‘ ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی‘ 1971‘ 199
73- منظور الحق صدیقی‘ اقبال کے کلام میں حکمرانوں کا تذکرہ‘ ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی‘ 1953‘ 147
74- مہ جبیں‘ اقبال اور کشمیر‘ ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی‘ 1974‘ 106
75- مہر افروز درانی‘ اردو شاعری پر اقبال کے اثرات‘ پروفیسر سید وقار عظیم‘ 1956‘ 290
76- ناہید اختر‘ پروفیسر سید وقار عظیم بطور اقبال شناس‘ پروفیسر ڈاکٹر سید معین الرحمٰن‘ 1978‘ 130
77- ناہید سلطانہ‘ اقبال کے اردو کلام میں اماکن‘ ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی‘ 1974‘ (II) + 288
78- ناہید طلعت‘ اقبال ریویو (جنوری 1960ء تا اپریل 1967ء) تک کی وضاحتی فہرست‘ ڈاکٹر ناظر حسن زیدی‘ 1967‘ 130
79- نبیلہ صمد‘ اقبال کا نظریہ فن‘ ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی‘ 1973‘ (3) + 181
80- نجف علی‘ سید‘ اشاریہ تنقید اقبال (بحوالہ رسائل)‘ ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی‘ 1993‘ (6) + 361
81- نسرین گل‘ اقبال کی شاعری میں تصور ابلیس‘ ڈاکٹر وحید قریشی‘ 1969‘ 97
82- نسیم اختر‘ سید نذیر نیازی (حیات و تصنیف)‘ ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی‘ 1983‘ (5) + 286
83- نعیم اختر‘ اقبال کا سوانحی اشاریہ‘ ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی‘ 1993‘ (3) + 129
84- نگہت النساء‘ علامہ اقبال کی سیاسی نظمیں (تنقیدی جائزہ) ڈاکٹر عبادت بریلوی‘ 1979‘ (2) + 98
85- نوشین صباحت‘ کلام اقبال کے منظوم تراجم‘ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا 1982‘ 203
86- نوید شفیع‘ اقبال کے سوانحی نقوش (خطوط بنام گرامی کے حوالے سے)‘ ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار‘ 1980‘ 60
87- نوید کوثر‘ کلام اقبال (اردو) کا ہیئتی مطالعہ‘ محمد فخر الحق نوری‘ 1994‘ 153
88- نیر برلاس‘ بزم اقبال کے سہ ماہی رسالے ”اقبال“ کی وضاحتی فہرست ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی‘ 1973‘ 126
89- نیر جہاں نامی‘ اقبال کی ملی شاعری‘ پروفیسر سید وقار عظیم‘ 1962‘ 152
90- یاسمین‘ سلطانہ‘ اقبال کی طویل نظموں کا تجزیہ‘ پروفیسر سید وقار عظیم‘ 1964‘ 258
91- یاسمین کوثر‘ جگن ناتھ آزاد بطور اقبال شناس‘ ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی‘ 1989‘ 194
92- یاسمین کوثر‘ بشیر احمد ڈار بطور اقبال شناس‘ ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی‘ 1985‘ 197

## شعبہ تاریخ

93- نسرین طاہرہ‘ پنجاب کی سیاست میں علامہ اقبال کا کردار (1926ء سے 1938ء تک)‘

پروفیسر سید علی عباس‘ 1975‘ (6) + 312

## شعبہ تعلیم و تحقیق

94- احمد علی‘ محمد اسلم‘ محمد منور خان‘ فکر اقبال کی روشنی میں نظام تعلیم کی تشکیل‘ پروفیسر منور ابن صادق‘ حافظ عبدالخالق‘ 1983‘ 96

95- (اشتیاق بھٹی‘ The identification of basic concepts of Self philosophy of Allama Iqbal for the possible formulation of a conselling theory (مشاورتی نظریے کی ممکنہ تشکیل کے لیے علامہ اقبال کے فلسفہ خودی کے بنیادی تصورات کی نشاندہی)‘ ڈاکٹر احسان اللہ خان‘ پروفیسر منور ابن صادق‘ 1977ء‘ (4) + 42

96- بشریٰ جبار‘ علامہ اقبال اور سید ابواعلیٰ مودودی کے تعلیمی افکار کا تقابلی جائزہ‘ خواجہ نذیر احمد‘ محمد اقبال ظفر‘ 1989‘ 34

97- بلقیس جمال افرہ‘ (اقبال کا نظریہ علم اور اس کے تعلیمی مضمرات)‘ ڈاکٹر مختار احمد بھٹی‘ 1967‘ 09

98- حاکم علی‘ اختر حسین‘ علامہ اقبال کے تعلیمی افکار‘ ڈاکٹر احسان اللہ خان‘ پروفیسر منور ابن صادق‘ 1978ء‘ 52

99- خالد محمود‘ افتخار احمد بھٹی‘ اقبال بحیثیت مفکر اسلام‘ شہباز خان‘ ڈاکٹر محمد ابراہیم خالد‘ 1990‘ 106

100- خوشی محمد‘ محمد ابراہیم ساجد‘ (اقبال کا فلسفہ اخلاق اور اس کے تعلیمی مضمرات)‘ ڈاکٹر مشتاق الرحمٰن صدیقی‘ 1981‘ 37

101- دبیر حسین دبیر‘ محمد شریف شاہ‘ علامہ اقبال اور سید ابواعلیٰ مودودی کے نظریہ تربیت کا تقابلی مطالعہ‘ سید وقار علی‘ مولانا عبید اللہ مدنی‘ 1986‘ (12) + 204

102- رفیق احمد ساقی‘ محمد یونس عاصی‘ اقبال کا فلسفہ تعلیم‘ ڈاکٹر احسان اللہ خان‘ ڈاکٹر محمد ابراہیم خالد‘ 1975‘ 73

103- ریاض حسین‘ عبدالغفور‘ ثروت حسین‘ اقبال کا فلسفہ تعلیم‘ ڈاکٹر ممتاز رحیم‘ حافظ عبدالخالق‘ 1981‘ 146

104- سردار حسین ملک‘ غلام مصطفیٰ سیال‘ علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات اور پاکستان کے نظام تعلیم پر اس کے اثرات‘ ڈاکٹر ممتاز رحیم‘ شوکت حسن شاہ‘ 1985‘ 147

105- صلاح الدین اعوان‘ رانا شیر احمد‘ (تخلیق پاکستان میں سر علامہ محمد اقبال کا حصہ) محمد ظفر اقبال‘ محمد ابراہیم خالد‘ 1976‘ 61

106- طارق مسعود‘ عبدالغفور عارف‘ ایم انور حسین‘ اقبال کے خلفہ خودی کا تعبیری مطالعہ

اور اس کی تعلیمی اہمیت، ڈاکٹر دین محمد ملک، ڈاکٹر مشتاق احمد گورایا، 1973، 124

107-طفیل محمد گوہر، عظیم بخش، محمد عبداللہ، تعلیمی نظریات میں علامہ اقبال اور سید ابواعلیٰ مودودی کی وحدت فکر، ایک جائزہ، مشتاق الرحمٰن صدیقی، سید وقار علی، 1986، 185

108-عبدالمجید ملک، غلام غوث چیمہ، لیاقت علی، علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات، پروفیسر منور ابن صادق، حافظ عبدالخالق، 1982، 97

109-عبدالخالق حکیم قادری، اقبال کا مرد مومن اور اس کے تعلیمی مضمرات، ڈاکٹر خواجہ نذیر احمد، ڈاکٹر عبدالرشید، 1984، 168

110-عمل خان سیاح، حفیظ اللہ درویش، علامہ اقبال کے تعلیمی افکار کا جائزہ، ڈاکٹر شہباز خان، ڈاکٹر محمد ابراہیم خالد، 1984، 57

111-فضل حق فاروقی، محمد عثمان طارق، غلام مرتضیٰ، اقبال کے نظریات اور ان کا جائزہ، ڈاکٹر اکبر علی، ڈاکٹر محمد ابراہیم خالد، 1984، 57

112-فہمیدہ شاہد، سرسید اور اقبال کے تعلیمی افکار کا تقابلی مطالعہ، ڈاکٹر حیات افروز، ڈاکٹر مختار احمد بھٹی، 1969، 173

113-کشور اقبال، فکر اقبال کے تعلیمی تقاضے، پروفیسر منور ابن صادق، ڈاکٹر احسان اللہ خان، 1978، 70

114-محمد آصف اعوان، چودھری خالد محمود، علامہ اقبال اور اکبر الہ آبادی کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ، ڈاکٹر خواجہ نذیر احمد، 1987، 115

115-محمد ادریس، محمد ارشد، فضل رب، علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات اور ان کے تعلیمی مضمرات، ڈاکٹر عبدالرشید، ڈاکٹر مشتاق الرحمٰن صدیقی، 1985، 101

116-محمد اعظم انجم، مظہر اقبال، علامہ اقبال اور علامہ شبیر احمد عثمانی کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ، رانا عبداللطیف، محمد سعید شاہد، 1988، 89

117-محمد افضل صابر چودھری، محمد نذیر کھوکھر، محمد عاشق قیصر، علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات، پروفیسر منور ابن صادق، 1975، 68

118-محمد امین، محمد شفیق احمد، علامہ اقبال اور علامہ احسان الٰہی ظہیر کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ، محفوظ احمد کمبوہ، ڈاکٹر ممتاز رحیم، 1991، 92

119-محمد جاوید نعیم صدر، منیر احمد، تعلیم نسواں اور اقبال، ایک تحقیقی جائزہ، محمد انور، حافظ عبدالخالق، 1982، 89

120-محمد زاہد الزماں شہزاد احمد خان، منتخب ماہرین کی نظر میں علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات کا موازنہ، ڈاکٹر حبیب اللہ، ملک رب نواز، 1991، 94

121-محمد زبیر شاہ سید عبدالجبار، عبدالرشید، علامہ اقبال اور طالب علم، ایک تحقیقی جائزہ، مشتاق الرحمٰن صدیقی، پروفیسر منور ابن صادق، 1982، 62

122-محمد طفیل خان' (اقبال کے تصور تعلیم اسلامی کی توضیح)' 1963
123-محمد لئیق جوہر' فضل حق' مسعود الرحمان' تعلیم کا مقصد اقبال کی نظر میں' ڈاکٹر احسان اللہ خان' 1979' (4) + 88
124-نسیم اختر' فرخ نسیم' علامہ اقبال کا تصور بقائے دوام اور اس کے تعلیمی مضمرات' پروفیسر منور ابن صادق' ڈاکٹر مشتاق الرحمن صدیقی' 1980' 61
125-نسیم بیگم' فکر اقبال میں امتزاجیت اور اس کے تعلیمی مضمرات' پروفیسر منور ابن صادق' 1976' 86
126-نور جمال' محمد سلیم' خالد حبیب' شاہ ولی اللہ اور علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ' ڈاکٹر مشتاق الرحمن صدیقی' سید وقار علی' 1985' 80
127-ہدایت اللہ' نبی مرجان' خوشحال خان خٹک اور محمد اقبال کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ' ڈاکٹر محمد حبیب اللہ' پروفیسر ابن صادق' 1989' 89

## شعبہ سیاسیات

128-عبدالرؤف خان' (مسلم افکار کی پیش قدمی میں اقبال کا حصہ)' مجید اے شیخ' پروفیسر شوکت علی' 1962' 44
129-غلام حیدر' (تخلیق پاکستان میں ڈاکٹر اقبال کا حصہ)' پروفیسر شوکت علی' 1958' 39
130-فخر النساء' (تخلیق پاکستان میں اقبال کا حصہ)' پروفیسر شوکت علی' 1958' 34
131-محمد افضل' محمد سلیمان کھوکھر' (اقبال اور علیحدگی پسند تحریک)' پروفیسر شوکت علی' مجید احمد شیخ' 1962' 38
132-محمد سلیمان کھوکھر' (اقبال ایک سیاسی مفکر کی حیثیت سے)' ڈاکٹر منیر الدین چغتائی' 1960' 41
133-محمد صدیق چودھری' (تخلیق پاکستان میں اقبال کا حصہ)' ڈاکٹر منیر الدین چغتائی' 1963' 38
134-مشتاق احمد راجا' (پاکستان کی تخلیق میں اقبال کا حصہ)' پروفیسر شوکت علی' 1961' 41

## شعبہ علوم اسلامیہ

135-افتخار احمد چشتی' اقبال کا تصور مذہب' پروفیسر علاؤالدین صدیقی' 1952' 66
136-صداقت آراء' عورت اقبال کی نظر میں' پروفیسر علاؤالدین صدیقی' 1962' 148
137-حمیدہ نجم' علامہ اقبال کے سیاسی نظریات' پروفیسر امان اللہ خان' 1967' 109
138-فرخ طاہرہ نقوی' کلام اقبال میں قرآنی تلمیحات کا جائزہ' پروفیسر ڈاکٹر امام اللہ خان' 1985' 175
139-فرخندہ فرحت' اقبال کا فلسفہ توحید' پروفیسر شبیر احمد منصوری' 1986' 191

140-فرزانہ فہیم خانم' علامہ اقبال اور اجتہاد' بشیر احمد صدیقی' 1968' 74
141-محمد و پذیر' اقبال کے سیاسی شعور کا ارتقاء' ڈاکٹر بشارت علی' 1955' 103
142- مشفیق احمد علوی' اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور اقبال' ڈاکٹر امان اللہ خان' 1989' 86
143-نبیلہ مریم' تہذیب مغرب اقبال کی نظر میں' پروفیسر شبیر احمد منصوری' 1990' 136
144-گلشن پروین' اقبال کا تصور آخرت' پروفیسر شبیر احمد منصوری' 1980' 160
145-یاسمین سیف' علامہ اقبال کے معاشی افکار' مس محمودہ خانم بھٹی' 1983' 245

## شعبہ فارسی

146-انور سلطانہ' اقبال کی فنی تراکیب' سید وزیر الحسن عابدی' 1976' 777
147-تسنیم فردوس' اقبال اور افغانستان' ڈاکٹر سید محمد اکرم شاہ' 1974' 150
148-حشمت علی خان گوڑی' اسرار و رموز (در آئینہ پیروی ورد)' پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم شاہ' 1989' 226
149-ظہور اختر عالم' آنسہ' اقبال کی فارسی شاعری کے موضوعات' ڈاکٹر محمد باقر' 1957
150-نسیم بلوچ' اقبال اور ایران' ڈاکٹر سید محمد اکرم شاہ' 1976' 196

## شعبہ فلسفہ

151-آسیہ' (اقبال کے نزدیک خدا اور انسان کے روابط)' ڈاکٹر نعیم احمد' 1989' 90
152-امتیاز بانو' اقبال کا تصور بقائے دوام' پروفیسر نعیم احمد' 1972' 118
153-انجم حامد' اقبال کے تصور ارتقاء پر مسلم مفکرین کے اثرات' جاوید اقبال ندیم' 1990' 218
154-بشریٰ' عبدالحکیم' اقبال کا تصور موت اور حیات بعد الموت' پروفیسر ساجد علی' 1980' 86
155-ثمینہ سعید' اقبال کا تصور مذہب' پروفیسر ساجد علی' 1987' 154
156-حفیظ اختر سلہریا' فلسفہ برگساں کا اقبال پر اثر' ڈاکٹر عبدالخالق' 1979' 103
157-خالدہ بشیر' کیا اقبال وحدت الوجودی تھے؟' پروفیسر ڈاکٹر ابصار احمد' 1981' 110
158-خالدہ بہار' (اقبال کا تصور وقت)' خواجہ غلام صادق' 1968' 66
159-زہرہ احسان' علامہ اقبال کے مابعد الطبیعاتی نظریات' خواجہ غلام صادق' 1976
160-شمشاد' اقبال کا تصور جمال' میڈیم غزالہ عرفان' 1987' 115
161- شمیم افزالون' اقبال اور شیطان' جناب حفیظ اختر' 1969' 114
162-شوکت زمان خان' علامہ اقبال کا تصور خدا' پروفیسر عبدالخالق' 1975' 85
163-شہناز ہرل' اقبال کا تصور خدا' خواجہ غلام صادق' 1967' 74
164-ملیحہ الطاف' اقبال اور ولیم میلڈوگل کے نظریہ شخصیت کا تقابلی جائزہ' پروفیسر ساجد علی'

104 '1982

165-عابدہ تنویر وڑائچ' اقبال کا نظریہ تہذیب اسلامیہ' پروفیسر ساجد علی' 1985' 73

166-عائشہ ضیاء' (اقبال اور کرکیگارڈ کے ہاں انفرادیت کا تصور) پروفیسر نعیم احمد' 1971

167-عبدالسلام صفدر' (اقبال کی نفسیات مذہبی)' پروفیسر نعیم احمد' 1973' 93

168-عذرا نسرین' اقبال کا دفاع مذہب' پروفیسر سی۔ اے قادر' خواجہ غلام صادق' پروفیسر عبدالخالق' 1968' 95

169-طارق سلیم شیخ' اقبال کا نظریہ 'اخلاق' پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق' 1979' 122

170-طاہرہ ناہید راجا' اقبال کا فلسفہ تعلیم' پروفیسر نعیم احمد' 1988' 286

171-طاہرہ نسیم' (مسکویہ' رومی اور اقبال کے ہاں ارتقاء کا مابعدالطبیعیاتی تصور)' پروفیسر خواجہ غلام صادق' 1967' 128

172-فاخرہ شیرازی' (نطشے کے فوق البشر اور اقبال کے مرد کامل کا تقابلی جائزہ)' وحیداللہ وائیں' پروفیسر عبدالخالق' 1967' 95

173-فرخ سلطانہ' (اقبال کے فلسفہ اخلاق کا مطالعہ)' پروفیسر ایم۔ سعید شیخ' 1965 140

174-محمد اسلم ملک' (اقبال کا تصور کا ملیت)' خواجہ غلام صادق' 1963 143

175-محمد اسلم نذیر' (برگساں اور اقبال)' خواجہ غلام صادق' 1969 111

176-محمد فاروق' (اقبال کا فلسفہ خودی اور لیبنز کا نظریہ وحدت)' پروفیسر نعیم احمد' 1975 98

177-محمد نواز حسرت' (اقبال کا نظریہ شخصیت اور جدید نفسیات)' پروفیسر قاضی محمد اسلم' خواجہ غلام صادق' چودھری سی۔ اے قادر' 1965' 76

178-عزیز خان' علامہ اقبال کا تصور کائنات' پروفیسر نعیم احمد' 1973' 67

179-کشور جمال لاری' (مستقبل شناسی پر اقبال کے خیالات)' پروفیسر عبدالخالق' 1970' 124

180-کشور گلزار' (اقبال اور اسلامی احیاء)' پروفیسر عبدالخالق 1976

181-کلثوم اختر چودھری' (اقبال اور مذہب کے بعد جدید نقاد)' ڈاکٹر محمد معروف' 1975' 76

182-کہکشاں پروین' اقبال کا فلسفہ جبر و قدر' پروفیسر ڈاکٹر ابصار احمد' 1980' 110

## شعبہ معاشیات

183-رفعت یعقوب' اقبال کے معاشی نظریات' ڈاکٹر رفیق احمد' 1969' 104

+ + +